بے باک صحافت اور مشرقی اقدار کا علمبردار اخبار!

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

Daily
TASVEER-E-MASHRIQ

ایڈیٹر
ارمغان قریشی

لاہور

روزنامہ تصویرِ مشرق

چیف ایڈیٹر
رئیس احمد قریشی

جلد 32 شمارہ 86 | ہفتہ 4 محرم الحرام 1448ھ 20 جون 2026ء 7 ہاڑ | صفحات 8 قیمت 40 روپے

# ایران-امریکہ مفاہمت عالمی و علاقائی امن کی جانب اہم پیش رفت، عورت فاؤنڈیشن کا خیر مقدم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) عورت فاؤنڈیشن نے ایران اور امریکہ کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے علاقائی اور عالمی امن کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس کے بعد جاری بیان میں کہا گیا کہ دنیا بھر کے امن پسند عوام اس لمحے کے منتظر تھے اور یہ پیش رفت اس بات کا ثبوت ہے کہ اتحاد اور سفارت کاری کے ذریعے دنیا کو بڑے خطرات سے بچایا جا سکتا ہے۔ عورت فاؤنڈیشن نے تباہ کن جنگ کے دوران ایرانی عوام، بالخصوص خواتین، بچوں اور قیادت کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پائیدار امن صرف مذاکرات، باہمی احترام، انسانی حقوق کے اصولوں اور عوامی سطح پر امن کے فروغ سے ہی ممکن ہے۔ تنظیم نے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی علاقائی امن کے لیے کاوشوں کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی مدبرانہ حکمت عملی نے ایک تاریخی جنگ بندی کی راہ ہموار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ عورت فاؤنڈیشن نے امید ظاہر کی کہ یہ پیش رفت عالمی امن، سلامتی اور بین الاقوامی تعاون کو فروغ دے گی اور خواتین، بچوں اور دیگر کمزور طبقات سمیت تمام انسانوں کے لیے ایک محفوظ اور سازگار ماحول کے قیام میں مددگار ثابت ہوگی۔